Jubilee
LIFE INSURANCE



# آپٹمائزر پلان

زندگی پر مکمل اختیار

جوبلی لائف کے آپٹمائزر پلان کے ساتھ آپ ہر غیر یقینی صورتحال کے خلاف اپنے پیاروں کی مالی ضروریات کا تحفظ کر سکتے ہیں۔ اپنے خاندان کا معیار زندگی اچھی طرح قائم رکھنے کے لئے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ ناگہانی موت کی صورت میں آپ کے خاندان کو مالی مشکلات پیش نہ آئیں، یہ پلان آپ کو سرمایہ کاری کے مواقعوں کی صورت میں لائف کور تیج دیتا ہے تا کہ آپ اپنی مالی ذمہ داریاں بھرپور طرح سے پوری کر سکیں۔

جوبلی لائف آپ کے لئے پیش کرتا ہے **آپٹمائزر پلان**، خاص طور سے ترتیب دیا گیا ایک یونٹ لِنکڈ انڈاؤنمنٹ پلان، جو آپ اور آپ کے خاندان کو غیر یقینی صورتحال، جیسے کہ موت کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## پراڈکٹ کی خصوصیات:

- مالیاتی طور پر مستحکم افراد کی ضروریات کی تکمیل کے لئے خصوصی طور پر ترتیب دیا گیا پلان
- زائد یونٹ ایلوکیشنز کے ساتھ پرکشش مالی تحفظ کے مواقع
- آپکی سرمایہ کاری کی ضروریات کے لحاظ سے 4 انویسٹمنٹ فنڈز میں سے انتخاب کا موقع
- افراط زر سے نبرد آزما ہونے کے لئے آپ کے سم اشورڈ میں اضافہ
- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی رو سے انکم ٹیکس فوائد

## کیا میں اس پلان کا اہل ہوں؟

اگر آپ کی عمر 18 سال سے 70 سال کے درمیان ہے تو آپ اس پلان کے اہل ہیں، بشرطیکہ پلان کی تکمیل پر آپ کی عمر زیادہ سے زیادہ 80 سال ہو۔

## پلان کی دستیاب مدت کیا ہے؟

آپ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پریمیئم ادائیگی/ پالیسی کی مدت کے آپشنز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

| پریمیئم ادائیگی کی مدت | پالیسی کی مدت |
|---|---|
| 5 سال | 10 سال |
| 25 - 10 سال | پریمیئم ادائیگی کی مدت جتنی |

آپ چاہیں تو 5 سال یا 25-10 سال کی پریمیئم ادائیگی کی مدت کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ 5 سالہ پریمیئم ادائیگی کی مدت کے لئے پالیسی کی مدت 10 سال ہو گی جبکہ 10 سے 25 سالہ پریمیئم ادائیگی کی مدت کے لئے پالیسی کی مدت یکساں رہے گی۔

## آپٹمائزر پلان کے کیا فوائد ہیں؟

### ڈیتھ بینیفٹ

آپ کے انتقال کی صورت میں آپ کے خاندان یا پیاروں کو سم اشورڈ یا کیش ویلیو میں سے جو بھی زائد ہو ادا کیا جائے گا۔

سم اشورڈ انتقال کی صورت میں ملنے والی کم از کم یقینی رقم ہوتی ہے۔ سم اشورڈ کا تعین کور ملٹپل کو بنیادی پریمیئم سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے۔ اس پلان کے تحت 25-5 کی رینج میں کور ملٹپل فراہم کیا جاتا ہے یعنی آپ کا سم اشورڈ، بنیادی سالانہ پریمیئم کا 5 سے 25 گنا ہو گا۔

مثال کے طور پر اگر آپ کی پالیسی کا سالانہ پریمیئم 2,000,000 روپے ہے اور آپ کا کور ملٹپل 5 ہے تو آپ کا سم اشورڈ 10,000,000=5x2,000,000 روپے* ہو گا۔

*پالیسی ہولڈر کو دستیاب کور ملٹپل کی رینج کا انحصار پلان خریدتے وقت لائف ایشورڈ کی عمر اور انڈر رائٹنگ کے نتائج پر منحصر ہے۔

### تکمیلی فوائد

منصوبے کی مدت کے اختتام پر آپ کو منصوبے کی مدت کے دوران جمع ہونے والی کیش ویلیو یکمشت ادا کر دی جائے گی۔

### کیا اس پلان کے تحت اضافی فوائد دیے جاتے ہیں؟

آپٹائزر پلان آپ کو اس بات کا اختیار دیتا ہے کہ آپ مندرجہ ذیل اضافی فوائد میں سے کسی ایک یا سب کا انتخاب کر سکیں:

### حادثاتی موت

حادثاتی موت کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت اضافی رقم ادا کی جائیگی۔

### حادثاتی موت یا معذوری

حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں اس پلان کے تحت اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

### آپٹائزر پلان حاصل کرنے کے لئے مجھے کم از کم کتنا پریمیئم ادا کرنا ہوگا؟

کم از کم پریمیئم کی ادائیگی درج ذیل طریقوں سے کی جاسکتی ہے:

| فریکوئنسی | کم از کم رقم (روپے) |
|---|---|
| سالانہ | 2,000,000 |
| ششماہی | 1,000,000 |
| سہ ماہی | 500,000 |
| ماہانہ | 166,667 |

### میرا پریمیئم کس طرح مختص کیا جائے گا؟

آپٹائزر پلان میں آپ کے پریمیئم کو ذیل میں دی گئی ٹیبل کے مطابق مختص کیا جائے گا:

| پالیسی سال | ایلوکیشن (%) |
|---|---|
| پہلا اور دوسرا سال | 95% |
| تیسرے سے پانچواں سال | 100% |
| چھٹے سال اور اس سے زائد | 103% |
| ایڈہاک | 100% |

### آپٹائزر پلان میں میرے پریمیئم کی انتظام کاری جوبلی لائف کس طرح کرے گا؟

آپکا پریمیئم آپ کی مرضی کے فنڈ میں مختص کیا جائے گا۔ ان فنڈز کی انتظام کاری ماہر سرمایہ کاری کے ماہرین کرتے ہیں اور انہیں پریمیئم سیکورٹیز کی پشت پناہی حاصل ہے۔

### سرمایہ کاری کے مواقع

جوبلی لائف آپ کو مندرجہ ذیل چار فنڈز کا اختیار دیتا ہے۔ آپ چاہیں تو اپنی سرمایہ کاری کی ضروریات کے مطابق کسی ایک فنڈ میں اپنا پریمیئم مختص کر دیں یا اسے مختلف فنڈز میں تقسیم کر دیں۔

### مینیجڈ فنڈ

ایک فنڈ جو متوازن پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کر کے سرمائے میں اضافے کی غرض سے تشکیل دیا گیا ہے۔

### یقین گروتھ فنڈ

ایک فنڈ جو سرمائے میں کم از کم کمی کے ساتھ متوازن منافع کے حصول کی غرض سے تشکیل دیا گیا ہے۔

### کیپٹل گروتھ فنڈ

ایک فنڈ جو شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے وسیع پورٹ فولیو کے ذریعے زائد منافع کے حصول کی غرض سے تشکیل دیا گیا ہے۔

### میثاق فنڈ

اس فنڈ کا مقصد بلاسود منافع کا حصول ہے۔

### اگر میں مزید سرمایہ کاری کرنا چاہوں تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

پالیسی ہولڈر کسی بھی وقت اضافی سرمایہ کاری کرسکتا ہیں۔ اِس سرمایہ کاری کو اضافی پریمیئم کے طور پر رکھا جائے گا اور اسے رائج الوقت قیمت پر آپ کی مرضی کے فنڈز میں مختص کیا جائے گا۔

### کیا آپٹائزر پلان مجھے اپنی سرمایہ کاری سے دستبردار ہونے کی اجازت دیتا ہے؟

ہنگامی صورتحال میں فنڈز کی دستیابی کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں، اسی لئے آپٹائزر پلان آپ کو مکمل اور جزوی دستبرداری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

### جزوی دستبرداری کی سہولت:

کسی عبوری مالی ضرورت یا ہنگامی ضرورت کے لئے یہ پلان آپ کو فنڈ کے استعمال کی اجازت دیتا ہے۔

اسی لئے یہ پلان آپ کو کسی بھی وقت اپنے فنڈز میں سے جزوی دستبرداری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ جزوی دستبرداری مندرجہ ذیل شرائط سے مشروط ہے:

- آپ جتنی چاہیں رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں باقی ماندہ کیش ویلیو کمپنی کی جانب سے مقرر کردہ کم از کم حد سے کم نہ ہو۔
- سم اشورڈ میں جزوی طور پر نکالی گئی رقم جتنی کمی واقع ہوگی۔

### مکمل دستبرداری کی سہولت:

دستبرداری کے وقت آپ کو آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں یونٹس کی بڈ ویلیو (مجموعی سرمایہ کاری) کی مکمل ادائیگی کی جائیگی۔ ابتدائی دو سالوں میں سرنڈر کے باعث یونٹس کی بڈ ویلیو پر سرنڈر چارجز لاگو ہوں گے۔ تیسرے سال سے کوئی سرنڈر چارج لاگو نہیں ہوگا۔

### کیا اس پلان میں کوئی ٹیکس بینیفٹ بھی ہے؟

جی ہاں، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 62 کے تحت آپ کی سرمایہ کاری ٹیکس بینیفٹ کی اہل ہے۔

### جوبلی لائف فنڈز کے یونٹوں کی قیمتوں کے بارے میں مجھے معلومات کہاں سے حاصل ہوں گی؟

جوبلی لائف فنڈز کے یونٹ کی قیمتیں تمام اہم اخبارات میں شائع ہوتی ہیں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

### کیا یہ پلان مجھے افراطِ زر سے مقابلہ کرنے میں مدد دیتا ہے؟

جی ہاں۔ آپ کا پریمیئم اور سم اشورڈ بغیر کسی طبی معائنے کے کمپنی کی جانب سے مقرر کردہ حد کے مطابق از خود بڑھتا رہے گا۔ بہر حال آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ اس اضافے کو مسترد کر دیں اور اپنے پلان کو سابقہ شرائط و ضوابط کے مطابق جاری رکھیں یا اپنی ضروریات کے مطابق کم اضافے کا انتخاب کریں۔

### مفت تجرباتی دورانیہ (فری لک پیریڈ) کیا ہے؟

جوبلی لائف آپ کو 14 دن کے مفت تجرباتی دورانیے (Free Look Period) کی سہولت پیش کرتی ہے تاکہ آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکیں، اور اگر ضرورت ہو تو پالیسی ختم کر سکیں۔ آپ کی جانب سے پالیسی ختم کرنے کے لئے تحریری درخواست جو پالیسی دستاویز جاری ہونے کے 14 دنوں میں وصول ہوگی آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کی مد میں ہونے والے اخراجات منہا کرے (اگر کوئی ہوں تو)۔

### آپٹمائزر پلان پر کیا چارجز لاگو ہوں گے؟

ابتدائی سالوں میں کم ایلوکیشن کے ساتھ پلان پر مندرجہ ذیل چارجز لاگو ہوں گے:

| | |
|---|---|
| بڈ آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5% |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| انتظامی چارجز | 150 روپے ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارجز | عمر کی بناء پر موجود رسک کی بنیاد پر |
| سوئچنگ / ری ڈائریکشن<br>* کمپنی تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔ | 500 روپے، اگر آپ ایک سال میں چار سے زائد مرتبہ سوئچنگ / ری ڈائریکشن کرتے ہیں |

### ڈسکلیمرز:

- یہ کتابچہ کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ پالیسی حاصل کرنے سے پہلے آپٹمائزر پلان کی شرائط وضوابط کا اچھی طرح مطالعہ کر لیں۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے۔ کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے اور نہ تو جوبلی لائف پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ذاتی السٹریشن ہمارے سیلز کے نمائندے کی جانب سے فراہم کی جائے گی۔ براہ کرم دیگر شرائط وضوابط کی تفصیلات جاننے کے لیے السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس کا مطالعہ کریں۔
- براہِ کرم دیگر شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- سرمایہ کاری میں نقصان خدشات پالیسی ہولڈر کی جانب سے برداشت کئے جائیں گے، پلان کی تکمیل کے وقت یا پالیسی ختم کرنے کے وقت اصل رقم بیان کردہ رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔
- پالیسی حاصل کرتے وقت پالیسی ہولڈر کی عمر 55 سال یا قریب ترین تاریخ پیدائش اسکے قریب ہو تو ضمنی فوائد دیئے جاسکتے ہیں۔
- براہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے:
(http://jubileelife.com/investor-relations/investors-outlook/)

### رابطے کی تفصیلات


**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ہیڈ آفس: 74/1-A لالہ زار ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000 ، پاکستان

فون: 95-35205094(021) فیکس: 35610959 (021)

ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

یو اے این: 554-111-111 (021) ایس ایم ایس: 8398 پر "JUBILEELIFE"